# اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

## مچلز فروٹ فارمز لمیٹڈ :

بذریعہ نوٹس ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ مچلز فروٹ فارمز لمیٹڈ کا 88 واں سالانہ اجلاس عام مورخہ 25 فروری 2021 بروز جمعرات بوقت 11:00 بجے دن کمپنی کے رجسٹرڈ آفس FCC-72 گلبرگ IV، لاہور میں منعقد ہوگا، جس میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی ہوگی۔

**عمومی کاروائی :**

1۔ 15 اکتوبر 2020 کو منعقد ہونے والے غیر معمولی اجلاس عام میں طے پائے گئے امور کی منظوری۔

2۔ 30 ستمبر 2020 کو ختم ہونے والے سال کے سالانہ پڑتال شدہ حسابات کی وصولی، غور وخوض اور اختیار کرنا۔ جن کے ساتھ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس شامل ہیں۔

3۔ 30 ستمبر 2021 کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لئے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے مشاہرے کو طے کرنا جس کو آڈٹ کمیٹی نے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو تجویز کیا۔

ریٹائرڈ ہونے والے آڈیٹرز میسرز اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس اہلیت کی بناہ پر خود کو دوبارہ تقرری کے لئے پیش کرتے ہیں.

**دیگر معاملات :**

1۔ جناب صدر کی اجازت سے دوسرے امور کی انجام دہی جو کہ میٹنگ میں سامنے آئیں۔

بحکم بورڈ

راشد بٹ

کمپنی سیکریٹری

لاہور: 3 فروری، 2021

## نوٹس :

1۔ وہ ممبران جنہوں نے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کمپنی ہذا یا شیئر رجسٹرار کو جمع نہیں کروائے اِن کو ایک مرتبہ پھر یاد دہانی کرائی جاتی ہے کہ وہ اپنے مذکورہ شناختی کارڈ کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز کارپلنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ کمرشل ماڈل ٹاؤن لاہور کو برائے راست بھجوادیں۔ دیگر کمپنیاں اپنے NTN شیئر رجسٹرار کو بھجوادیں۔ قومی شناختی کارڈ/NTN کے ہمراہ فون نمبر بھی ارسال کریں۔ سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے نوٹیفکیشن SRO779(I) مورخہ 18 اگست 2011 اور SRO 831(I) مورخہ 5 جولائی 2012 کے مطابق ڈیوڈنڈ وارنٹ پر رجسٹرڈ ممبر کے قومی شناختی کارڈ کا درج ہونا ضروری ہے کم سن افراد اور کمپنیاں اس سے مستثنیٰ ہیں۔

2۔ کمپنی کے شیئرز ٹرانسفر بکس 18 فروری 2021 سے 25 فروری 2021 (بشمول دونوں دن) تک بند رہیں گی۔ انتقال دہندگان کے مذکورہ بالا استحقاق اور اجلاس میں شمولیت کی غرض سے کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز کارپلنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ کمرشل ماڈل ٹاؤن لاہور کو مورخہ 17 فروری 2021 کو دوپہر 1 بجے تک موصول کی جائیں گی موصول ہونے والی ٹرانسفرز بروقت تصور کی جائیں گی۔

3۔ ہر ممبر جو میٹنگ میں شرکت اور ووٹ ڈالنے کے اہل ہیں، اپنی جگہ کسی اور ممبر کو پراکسی مقرر کر کے میٹنگ میں شرکت اور ووٹ ڈالنے کے لئے نامزد کر سکتا ہے۔ پراکسی کے مئوثر ہونے کے لئے ضروری ہے کہ وہ کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں میٹنگ کے طے شدہ وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل وصول ہو جانے چاہیے۔

4۔ مکمل شدہ پراکسی کے فارم کمپنی سیکرٹری کو کمپنی کے رجسٹرڈ آفس FCC-72 گلبرگ IV، لاہور کو میٹنگ سے کم از کم 48 گھنٹے قبل موصول ہو جانے چاہیے۔

5۔ شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ اگر ان کے پتے میں کسی قسم کی تبدیلی ہوئی ہے تو وہ اس کی فوری اطلاع دیں۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو مزید سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی مندرجہ ذیل ہدایات کی بھی پیروی کرنا ہوگی۔

### A ۔ اجلاس میں شمولیت کیلئے:

I میٹنگ میں شرکت کی غرض سے ممبران اپنا قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ دکھائیں گے۔

II کمپنیز کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی طرف سے جاری کردہ منظوری یا ان کی پاور آف اٹارنی جس پر ان کے دستخط موجود ہوں میٹنگ میں شرکت کیلئے دکھائیں گے۔

### B۔ پراکسی کا تقرر:

I ممبران، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز یا وہ افراد جن کو سکیورٹیز گروپ کی صورت میں ہے وہ اپنے پراکسی فارم قوانین کے تحت جمع کرائیں گے۔

II پراکسی پر دو گواہوں کے دستخط اور ان کے قومی شناختی کارڈز کے نمبر درج ہوں۔

III پراکسی فارم کیساتھ بینیفیشل اونر کے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی لف ہونا ضروری ہے۔

IV پراکسی والے افراد اپنا اصل شناختی کارڈ دکھائیں گے۔

V کمپنیز کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی طرف سے جاری کردہ منظوری یا ان کی پاور آف اٹارنی جس پر ان کے دستخط موجود ہوں میٹنگ میں شرکت کیلئے دکھائیں گے۔

### 6۔ ایڈریس کی تبدیلی اور زکواۃ سے استثنٰی کے ڈکلریشن کی اطلاع:

شیئر زسرٹیفکیٹس رکھنے والے ممبران اپنے رجسٹرڈ پتہ میں تبدیلی کے بارے میں شیئر جسٹرار کو آگاہ کریں اور اپنے زکواۃ سے استثنٰی کے ڈکلریشنز فراہم کریں۔ تمام سی ڈی سی شیئر ہولڈر ممبران سے گزارش ہے کہ وہ سی ڈی سی یا اپنے متعلقہ شرکاء/ سٹاک بروکر کیساتھ اپنا ایڈریس اپ ڈیٹ کریں۔ اپنے زکواۃ سے استثنٰی کے ڈکلریشنز فراہم کریں۔

### 7۔ غیر دعویٰ شدہ منافع اور شیئر سرٹیفکیٹس:

شیئر ہولڈرز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 244 اور غیر دعویٰ شدہ شیئر، مضاربہ سرٹیفکیٹ، ڈیویڈنڈز، دیگر انسٹرومنٹس اور ان ڈسٹری بیوٹڈ ایسٹس ریگولیشنز 2017 کے مطابق کمپنیز کے لئے ایسے کیش ڈیونڈنڈ فیڈرل گورنمنٹ کے کریڈٹ میں اور شیئر ز کو کمیشن میں جمع کروانا ضروری ہے۔ جو ادائیگی کی تاریخ سے لیکر تین سال یا زیادہ عرصہ سے غیر دعویٰ شدہ ہیں یا وصول نہیں کیے گئے۔

### 8۔ شئیر ہولڈرز کو سالانہ رپورٹس کی بذریعہ ای میل ترسیل:

مورخہ 8 ستمبر 2014 کو جاری ہونے والے نوٹیفکیشن ایس آر او نمبر 2014/(1)787 کے تحت کمپنیوں کو اجازت ہے کہ وہ شئیر ہولڈرز کو اینوئل فنانشل سٹیمنٹ کے ساتھ ساتھ اینوئل جنرل میٹنگ (اے جی ایم) کا نوٹس بذریعہ ای میل ارسال کریں. لٰہذا ممبرز سے درخواست ہے کہ وہ اس کے لئے ایک سٹینڈرڈ ریکوئسٹ فارم پر کریں جو کہ کمپنی کی ویب سائٹ www.mitchells.com.pk پر دستیاب ہے. بذریعہ ای میل اپنی رضامندی ظاہر کریں. علاوہ ازیں کمپنی کے شئیر رجسٹرار کو اپنے رجسٹرا ای میل ایڈریس میں ہونے والی ممکنہ تبدیلی کے بارے میں بروقت مطلع کرنا بھی ممبرز کی ذمہ داری ہے۔

## 9۔ شیئر ہولڈرز کو سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس اور اے جی ایم نوٹس کی بذریعہ ڈی وی ڈی یا یو ایس بی ترسیل:

ایس ای سی پی کے نوٹیفکیشن ایس آر او نمبر 2016/(1)470 مورخہ 31 مئی 2016 کے تحت کمپنیوں کو اجازت دی گئی ہے کہ وہ آنے والے برسوں میں ممبرز کو اپنی سالانہ رپورٹس بشمول سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس، سالانہ اجلاس عام کا نوٹس اور کمپنی کی دیگر معلومات ہارڈ کاپیز کی بجائے سی ڈی یا ڈی وی ڈی یا یو ایس بی کے ذریعے ارسال کر سکتی ہے. تاہم کمپنی شیئر ہولڈرز کے مطالبہ پر انہیں سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کی ہارڈ کاپی طلب کئے جانے کے ایک ہفتے کے اندر انکے رجسٹر ایڈریس پر بلا معاوضہ فراہم کرے گی۔

## 10- ویڈیو کانفرنس کیلئے رضامندی:

ایس ای سی پی کے سرکولر نمبر 10 مورخہ 21 مئی 2014 کے مطابق اگر کمپنی کو کسی مخصوص جغرافیائی مقام سے مجموعی طور پر 10 فیصد یا زائد حصص کے ساتھ ممبرز کی طرف سے اجلاس میں شرکت کے لئے اجلاس سے کم از کم دس دن قبل رضامندی ملتی ہے تو کمپنی اس شہر میں ویڈیو کانفرنس کا انتظام کرے گی. بشرطیکہ اس شہر میں ایسی کوئی سہولت میسر ہو۔ اس کیلئے براہ کرم درج ذیل فارم پر کر کے سالانہ اجلاس عام کی تاریخ سے کم از کم دس دن پہلے کمپنی کے رجسٹرڈ ایڈریس پر جمع کروائیں۔

### ویڈیو کانفرنس کی سہولت کیلئے رضامندی کا فارم

میں/ہم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ساکن۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مچلز فروٹ فارمز لمیٹیڈ کا ممبر ہوں اور۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔شیئرز کا حامل ہوں بمطابق رجسٹرڈ فولیو نمبر/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اپنے شہر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(جغرافیائی مقام) میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنا چاہتا ہوں۔

### سالانہ اکاؤنٹس:

30 ستمبر 2020 کو ختم ہونے والے مالیاتی سال کیلئے سالانہ اکاؤنٹس اور پچھلے سالوں کے سالانہ اکاؤنٹس بمعہ سہ ماہی اکاؤنٹس کمپنی کی ویب سائٹ http://www.mitchells.com.pk پر موجود ہے۔